نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

جلال پور آبپاشی منصوبہ کے تحت کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ سے دیہی معیشت کو بہتر بنایا جارہا ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم

لاہور08مارچ2024: ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم نے جلال پور منصوبہ کے تحت کھالہ جات کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پنجاب بالخصوص جہلم اور خوشاب کی دیہی معیشت کو بہتر بنانے میں اہم ادا کر رہا ہے۔کھالہ جات کی تعمیر واصلاح سے کاشتکاروں کے بارانی اور غیر آباد رقبہ جات کو نہ صرف قابل کاشت بنایا جارہا ہے بلکہ اس منصوبہ سے دیہی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہورہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبہ کے ذریعہ ضلع جہلم اور خوشاب کے 1 لاکھ 74 ہزار رقبے کو سیراب کیا جائے گا اور 30 ہزار ایکڑ رقبہ کو لیزر لینڈ لیولنگ کے ذریعے ہموار کیا جارہا ہے۔مزید براں، اس منصوبہ کے تحت 20 آبی تالاب بمع سولر سسٹم اور 485 پختہ کھالہ جات تعمیر کیے جائینگے۔اس کے علاوہ 2 ہزار ایکڑ رقبہ پر ڈرپ اینڈ سپرنکلر اریگیشن سسٹم کی تنصیب کی جارہی ہے۔اس منصوبہ کے تحت 485 انجمن اصلاح آبپاشی بنائی گئی ہیں تاکہ کاشتکاروں کے اندر پانی کی منصفانہ تقسیم کی جاسکے۔اس منصوبہ کی تکمیل سے گندم، مکئی چاول، سبزیات اور چارہ جات کی پیداوار میں 20 تا 30 فیصد اضافہ ہوگا۔اس موقع پر ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر یونگ-یی نے کہا کہ ایشین ڈویلپمنٹ بینک پاکستان میں زراعت کی ترقی کیلئے خصوصی تعاون کررہا ہے۔اس منصوبے کا مقصد کھیت کی سطح تک نظام آبپاشی کو قائم کرنا ہے۔غیر آباد رقبے کو کاشت کے قابل بنانا ہے اور آبپاش زراعت کو فروغ دینا ہے۔اس منصوبہ میں کاشتکاروں کو جدید زراعت کے حوالے سے کپیسٹی بلڈنگ کی جارہی ہے۔ ان سرگرمیوں سے جہلم اور خوشاب میں تقریباً 30 فیصد پانی کی بچت، 5ہزار ایکڑ پر جدید اور منافع بخش زراعت کو فروغ ملے گا اور 27ہزار ایکڑ زمین کی بحالی ممکن ہوگی۔اس موقع پر ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی راولپنڈی ڈویژن سجاد حسین شاہ محمد سعدی ڈپٹی ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی جہلم ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کھالہ جات ڈاکٹر اشفاق سندھو ڈپٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی عامر شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب ہارون احمد خان اور پبلسٹی آفیسر اصلاح آبپاشی عامر مشتاق بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆